سوال

(567) طواف اضافہ سے پہلے ماہواری کا آنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت نے حج کیا اور طواف افاضہ سے پہلے اسے ماہواری کے ایام شروع ہوگئے، اور جب اس کے رفقائے سفر کی روانگی کا وقت آیا تو اس نے اپنے ولی کو اپنا وکیل بنایا کہ میری طرف سے طواف افاضہ اور سعی کرے، چنانچہ اس نے ایسے ہی کیا اور پھر وہ اپنے ملک روانہ ہوگئے۔ کیا اس عمل میں وکالت جائز ہے؟ خیال رہے کہ یہ حج نفلی تھا۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فقہاء کے کلام میں بظاہر اس عمل کا جواز معلوم ہوتا ہے، بشرطیکہ حج نفلی ہو، اور جسے وکیل بنایا ہو وہ اس سال اپنے حج اور اعمال حج سے فارغ ہوچکا ہو۔ اور یہ بالخصوص ضرورت کے وقت ہی ہوسکتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 405

محدث فتویٰ